كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ

(ہر نفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے)

حالاتِ
وفاتِ مُصلحُ الاُمّہؒ

مرتبہ

عبدالرحمان جامی یکے از خدام خانقاہ وصی اللّٰہی

بانتظام

دفتر وصیۃ العرفان - ۲۳ بخشی بازار الٰہ آباد ۳

اسرار کریمی پریس جانسین گنج الٰہ آباد میں طبع ہوئی

اکتوبر ۱۹۸۰ء قیمت دو روپئے

رثاء الشیخ

منجانب محترم المقام جناب مولانا سراج الحق صاحب مدظلہ

نَعَوْا اِلَیَّ وَصِیَّ اللہِ مُرْشِدَنَا   قَلْبِیْ هَوٰی وَجَرٰی سَیْلٌ مِّنَ اجْفَانِیْ

لوگوں نے مجھے ہمارے مرشد روحانی حضرت مولانا شاہ وصی اللہ صاحب کی خبر مرگ سنائی تو میرا دل ڈوبنے لگا اور میری آنکھوں سے ایک سیلاب امنڈ پڑا

مَضٰی وَعَلَّمَنَا معنی حَدِیْثِ عُمَرَؓ   قَوْلًا وَّفِعْلًا بِاِسْرَارٍ وَّاِعْلَانٍ

حضرت تشریف لے گئے اور ہمیں (ہفتہ عشرہ سے) حدیث سیدنا حضرت عمر فاروقؓ انما الاعمال بالنیات کا مطلب سمجھا تے تھے۔ اپنے قول سے تو اس کا مطلب علانیہ اور اپنے فعل سے پوشیدہ طور پر بتایا۔

فهاجر الهند ارض المشركين مُهَا   جِراً الى الله بالصدق والاحسان

اس طرح کہ انھوں نے صدق نیت اور حسن اعمال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف اس ہندوستان سے ہجرت کرہی کے دکھادی

اقام ضيفا بقعر البحر مُعتكفا   مُلَبِّيًا دعوة الرَّوْح وريحان

اب حضرت نے (بحکم حدیث الحجاج ضیوف اللہ) مہمان بنکر قعر سمندر میں اعتکاف کے ساتھ قیام کرلیا ہے۔ آپ نے (بجائے حج کی لبیک کے) جنت کے روح اور ریحان کی دعوت کو لبیک کہا۔

اقول قولی وقد حار الانام به   لا تَنْسَنَا یوم ینسی الوُلْدَ ابوان

لوگ تو حضرت کی وفات کے معاملہ میں متحیر ہو رہے ہیں اور میں (عالم تصور میں کہے جا رہا ہوں کہ) یا حضرت جس دن ماں باپ بھی اپنے اولاد کو بھول جائیں گے اس دن آپ ہمیں نہ بھولئے گا۔

جزاك ربي جزاءً كاملا حسنا   من عنده طيبًا عنّي واخواني

میرا رب آپ کو خود میری طرف سے بھی اور میرے اخوان طریق کی طرف سے بھی خاص اپنے پاس سے جزائے کامل احسن اور طیب عطا فرمائے